# امتحان پاس کرنے کے لیے پیسے دینا

**مجیب:** مولانا احمد سلیم عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3554

**تاریخ اجراء:** 09 شعبان المعظم 1446ھ / 08 فروری 2025ء

## دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

سکول کالج وغیرہ انسٹیٹیوٹس میں امتحان پاس کروانے کے لیے پیسے دینا کیسا؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

سکول کالج یا کسی بھی ادارے میں امتحان پاس کروانے کے لیے رقم وغیرہ کا لین دین رشوت، سخت ناجائز و حرام اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے، نیز اس میں جھوٹ، دھوکا دہی وغیرہ ناجائز امور بھی پائے جاتے ہیں۔ ایسی رقم دینے والا اور وصول کرنے والا دونوں حرام کام کے مرتکب قرار پائیں گے، لہذا اس سے مکمل اجتناب ضروری ہے اور اگر کوئی پہلے ایسی رقم وصول کر چکا ہو، تو اس پر توبہ کے ساتھ ساتھ وہ رقم جس سے لی ہے، اس کو واپس دینا ضروری ہے۔

رشوت وغیرہ دیگر غیر شرعی طریقوں سے مال کے حصول کے متعلق قرآنِ مجید فرقانِ حمید میں ارشادِ باری تعالی ہے: ﴿وَ لَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَكُمْ بَیْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ﴾ ترجمہ کنز الایمان: اور آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ۔ (پارہ 2، سورۃ البقرہ، آیت 188)

اس آیتِ مبارکہ کے تحت تفسیر خزائن العرفان میں ہے: "اس آیت میں باطل طور پر کسی کا مال کھانا حرام فرمایا گیا خواہ لوٹ کر یا چھین کر چوری سے یا جوئے سے یا حرام تماشوں یا حرام کاموں یا حرام چیزوں کے بدلے یا رشوت یا جھوٹی گواہی یا چغل خوری سے یہ سب ممنوع و حرام ہے۔" (تفسیر خزائن العرفان)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے: "لعن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الراشی والمرتشی" ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رشوت لینے والے اور دینے والے پر لعنت فرمائی۔ (سنن ابو داؤد، کتاب القضاء، جلد 2، صفحہ 148، مطبوعہ لاهور)

امام اہلسنت مجدد دین وملت امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: ”رشوت لینا مطلقاً حرام، کسی حالت میں جائز نہیں۔ جو پرایا حق دبانے کے لیے دیا جائے، رشوت ہے۔ یوہیں جو اپنا کام نکلوانے کے لیے حاکم کو دیا جائے رشوت ہے۔“ (فتاوی رضویہ، جلد 23، صفحہ 597، رضافاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net